سوال

(53)حج بدل کرانا ضروری ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر ایک شخص پر حج فرض تھا، اس نے ادا نہ کیا اور مر گیا تو اس کے لیے حج بدل کرانا ضروری ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث میں آیا ہے ایک سائل کے سوال کرنے پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کو قرض کے ساتھ تشبیہ دے کر مردے کی طرف سے ادا کرنے کا حکم فرمایا تھا۔ (فتاویٰ ثنائیہ جلداول ص ۵۰۹ طبع دہلی ۱۳۷۲ہجری)

توضیح:

یہ حدیث متفق علیہ بروایت حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ مشکوٰۃ شریف ص ۲۲۱ میں ہے۔ (مرتب)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

[فتاوی علمائے حدیث]

جلد08ص63

محدث فتویٰ